14-07-2026

12:30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔خبروں کا بلیٹن لیکر میناعجازہ اختر

UNSC

بھارت نے 2028-29کے لئے اقوام متحدہ سلامتی کونسل کے غیر مستقل ممبر کے چناؤ کیلئے باضابطہ طور مہم کا آغاز کیا ہے۔

اقوام متحدہ ہیڈ کوارٹر پر گزشتہ شام بھارت کی امیدواری کو لانچ کرنے کے موقعے پر وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے بھارت کے ’شانتی‘ نظرےے کو متعارف کیا، جس کا مقصد عالمی امن واستحکام کیلئے ضوابط کے تحت جامع ترقی کا حصول ہے۔

بھارت اس سے پہلے 8مرتبہ اقوام متحدہ سلامتی کونسل کا غیر مستقل ممبر رہ چکاہے۔

وزیراعلیٰ

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے گورنمنٹ میڈیکل سرینگر اور گورنمنٹ میڈیکل کالج جموں میں کی اضافی پچاس50نشستوں کو نیشنل میڈیکل کمیشن کی منظوری ملنے پر صحت وطبی MBBS تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو اور ان دونوں کالجوں کے فیکلٹی ممبران اور دیگر عملے کو مبارکباد دی ہے۔

In-وزیراعلیٰ نے کہاہے کہ تدریسی سال 2026-27سے ان کالجوں میں اس اضافی کو منظوری ملنے سے یوٹی میں طب کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے کے سرکارکے Take عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔

ستیش شرما

جموں میں کل کئی عوامی وفود نے خوراک وسول سپلائز کے وزیر ستیش شرما کے ساتھ ملاقات کرکے اپنے مطالبات ان کی نوٹس میں لائے۔

وزیر موصوف نے جائز عوامی مطالبات کو مرحلہ وار بنیادوں پر پورا کرنے کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ سرکار جموں کشمیر کی جامع ترقی اور عام لوگوں کی خوشحالی کو یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے۔ انہوں نے لوگوں سے تاکید کی کہ وہ ترقیاتی عمل میں شراکت دار بن کر اپنا کردارنبھائیں۔

یاترا

شری امرناتھ جی یاترا کے سلسلے میں کل شام تک لگ بھگ 3لاکھ یاتریوں نے پوتر گپھا پر حاضری دے کر شیو لنگم کے درشن کئے تھے۔ آج بھی ہزاروں کی تعداد میں یاتری پہلگام اور بالتل کے راستے گپھا پر پہنچ رہے ہیں۔

اس دوران جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج صبح 5ہزار335یاتریوں پر مشتمل 13واں جتھا سرینگر کیلئے روانہ ہوا۔ ان میں سے ایک ہزار736یاتری بالتل کے راستے گپھا کی طرف جائیں گے جبکہ 3ہزار599یاتری پہلگام کا راستہ اختیار کریں گے۔

اس دوران آج مزید 10ہزار401 یاتریوں نے شیو لنگم کے درشن کئے۔

پی ایم پانی

وزیراعظم نریندر مودی نے بارش کے پانی کو جمع کرکے اسے موثر طور استعمال کرنے کی ضرورت پر زور دیاہے۔

بقائے حیات میں پانی کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے انہوں نے اس مون سون کے دوران Catch the Rain-مہم کو بڑے پیمانے پر وسعت دینے کی ضرورت پر زور دیاہے۔

نشہ مکت ابھیان

جموں کشمیر میں100دنوں پر جاری نشہ مکت ابھیان اپنے آخری مراحل میں ہے۔ اس سلسلے میں سول اور پولیس انتظامیہ کے اہتمام سے بیداری پروگراموں اور منشیات مخالف کارروائیوں کا سلسلہ شدومد سے جاری ہے۔

ضلع انتظامیہ پلوامہ کے اہتمام سے ڈگری کالج ترال میں منشیات مخالف بیداری پروگرام منعقد کیاگیا جس میں ممبراسمبلی ترال رفیق احمد نائیک نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ انہوں نے اس پروگرام کے انعقاد کیلئے منتظمین کی سراہنا کرتے ہوئے نوجوانوں سے تاکید کہ وہ منشیات سے دور رہ کر تعمیری سرگرمیوں میں حصہ لیں۔

گاندربل ڈی سی

ڈپٹی کمشنرگاندربل جتن کشور نے ضلعے میں مشن یووا کی عمل آوری میں مزید بہتری لانے اور اس سکیم کے تحت مقرر کئے گے اہداف کو بروقت حاصل کرنے کی ہدایت دی ہے۔

ضلع سطح کی عمل آوری کمیٹی کی ایک میٹنگ میں انہوننے مشن یووا کے تحت مختلف معاملات کو منظوری دینے اور قرضوں کی فراہمی کے عمل کا جائزہ لیا۔ میٹنگ کے دوران وصول کی گئیں 267درخواستوں کو منظوری دی گئی۔

ڈی سی کولگام

کولگام کے ڈپٹی کمشنر شہزاد عالم نے تحصیل آفس کولگام کا دورہ کرکے وہاں جمعبندی اور دیگر دستاویزات کی ڈیجیٹائزیشن کے عمل کا جائزہ لیا۔ انہیں بتایا گیا کہ ڈیجیٹائز کئے گئے دستاویزات زمین سدھار پورٹل پر دستیاب ہیں۔

اس موقعہ پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ متعلقین اس ریکارڈ مینپائی جانے والی کسی بھی غلطی کی تحصیلدار کی سطح پر تصحیح کراسکتے ہیں۔ بعد میں ڈپٹی کمشنر نے تحصیل آفس کی نئی عمارت پر جاری کا م کا بھی جائزہ لیا۔

مارکیٹ چیکنگ

بازاروں میں محفوظ اور صاف ستھری اشیائے خوردنی کی دستیابی کو یقینی بنانے کیلئے فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کی فوڈ سیفٹی ونگ نے اپنی سرگرمیوں میں تیزی لائی ہے۔

مذکورہ ونگ کی کئی ٹیموں نے کل سرینگر، پہلگام اور سونمرگ کے مختلف علاقوں میں 56ہوٹلونکامعائینہ کیا۔ اس دوران 31جگہوں سے کھانے پینے کی اشیا کے نمونے جانچ کیلئے حاصل کئے گئے جبکہ قانون کی خلاف ورزی کی پاداش میں قصور واروں پر 10ہزار500روپے کا جرمانہ عائد کیاگیا۔

PMMVY

سماجی بہبودمحکمے کے اہتمام سے سرینگر کے لل دید ہسپتال میں ایک جانکاری پروگرام منعقد ہوا۔ اس پروگرام میں حاملہ خواتین کو' پردھان منتری ماتروودھنا یوجنا 'کے اغراض ومقاصد اور فوائد کے بارے میں جانکاری دی گئی۔

اس موقعہ پر مستحق خواتین کو یوجنا کے لئے رجسٹریشن کے عمل کے بارے میں تفصیلات دیتے ہوئے اس اسکیم سے بھرپوراستفادہ کرنے کی ترغیب دی گئی۔

کرکٹ

بھارت اور انگلینڈ کے درمیان تین ایک روزہ بین الاقوامی کرکٹ میچونکی سیریز کا آج سے آغاز ہورہاہے۔ اس سیریز کا پہلا میچ آج برطانیہ کے شہر برمنگھم میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق سہ پہرساڑھے تین بجے سے شروع ہوگا

سیریز کا دوسرا میچ 16جبکہ تیسرا میچ 19جولائی کو کھیلا جائے گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ